سوال

(14)وسیلے کی حقیقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عام طور پر بعض لوگ توسل بالموتیٰ کا عقیدہ رکھتے ہیں،ان کے بارے میں وضاحت کریں۔ علمائے سلف پر حنفی (!) حضرات الزام لگاتے ہیں کہ وہ توسل بالموتیٰ کے قائل تھے،قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔ (حافظ محمد عمران،حافظ آباد)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

توسل بالاموات کا مطلب یہ ہے کہ دعا میں مردہ لوگوں کا وسیلہ پیش کیا جائے۔ یہ توسل بدعت ہے۔کتاب وسنت اور سلف صالحین سے توسل بالاموات ثابت نہیں ہے لہذا اس سے کلی اجتناب کرنا چاہیے۔

یہ ایسی بدعت جو چور دروازے کی حیثیت رکھتی ہے اور اس کا ڈائریکٹ تعلق شرک سے ہے یعنی یہی توسل بسا اوقات شرک کی بھیانک شکل اختیار کرلیتا ہے۔اس سلسلے میں تفصیلی معلومات کے لیے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الوسیلہ اور دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔ (شہادت،دسمبر 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب العقائد۔صفحہ83

محدث فتویٰ